NOTIFICATION OF TESTING
Elementary Academic Screening and Growth Tests, Grades 3-6

عزیز والدین اور سرپرست:

ورجینیا لٹریسی ایکٹ (VLA) اور فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) معاونت کے متعدد درجوں کا نظام (MTSS) اسکولوں کو گریڈ 3-6 کے تمام طلباء کا مطالعہ اور ریاضی کے اسکریننگ ٹیسٹ لینے کا تقاضا کرتے ہیں ۔ یہ امتحانات ورجینیا اسیسمنٹ پروگرام (VAP) کے تحت مطالعہ اور ریاضی کی پیش رفت کے اسیسمنٹس کی ضرورت کو بھی پورا کرتے ہیں ۔ ٹیسٹ کے نتائج سے خاندانوں اور اساتذہ کو یہ جاننے میں مدد ملتی ہے کہ ہر طالبعلم کے سیکھنے اور ترقی میں کس طرح مدد کی جائے ۔ تعلیمی اسکریننگ ، گروتھ ، اور تشخیصی یا ڈائیگناسٹک ٹیسٹ کا ویب پیج (https://www.fcps.edu/academic-screening-growth-and-diagnostic-tests) ان ٹیسٹوں کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے ۔

- iReady Math - تمام طالبعلم موسم بہار کا اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL) دینے کے لیے شیڈول کیے گئے ہیں
- iReady Reading - تمام طلباء موسم بہار کا SOL دینے کے لیے شیڈول کیے گئے ہیں
- ورجینیا لینگویج اینڈ لٹریسی اسکریننگ سسٹم (VALLSS) - *صرف گریڈ 3 کے منتخب طلبا وطالبات*

ایلیمینٹری اساتذہ گریڈ 3-6 کے تمام طلباء کا خزاں ، سرما ، اور بہار میں iReady Math اور iReady Reading کے ساتھ جانچ پڑتال کرتے ہیں ۔ ٹیسٹ کلاس روم کے تدریسی بلاک کے اندر لیے جاتے ہیں ۔ اساتذہ ہر کلاس کیلئے ٹیسٹ کی مخصوص تاریخیں طے کرتے ہیں ۔ مطلوبہ اسکریننگ اور گروتھ ٹیسٹ کے لیے عمومی وقت *گریڈ لیول ٹیسٹ* کے ویب پیج (https://www.fcps.edu/academics/student-tests-assessments/grade-level-tests) پر دستیاب ہے ۔

تعلیمی اسکریننگ کے نتائج کی بنیاد پر، کچھ طالبعلموں کو مطالعے کے منصوبے یا ریاضی کی بہتری کے منصوبے کی ضرورت پڑ سکتی ہے ۔ بعض طلباء کو اضافی تشخیصی یا ڈائیگناسٹک ٹیسٹ کی ضرورت پڑسکتی ہے تاکہ اساتذہ کو اعانت کیلئے مخصوص شعبوں کا تعین کرنے میں مدد مل سکے ۔ اگر آپ کے علمی اسکریننگ ، ترقی ، یا تشخیصی ٹیسٹوں کے بارے میں سوالات ہیں ، تو براہ مہربانی اپنے طالبعلم کے استاد یا اسکول کے ٹیسٹ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کیجیئے ۔